

CANCER OF CERVIX

رحم کے نچلے حصے کا کینسر

پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما) خواتین ونگ

پیما سیکرٹریٹ: 12۔شالیمار سینٹر، F-8 مرکز، اسلام آباد فون 051-2261943

www.pima.org.pk   info@pima.org.pk   PIMAofficial

رحم کے نچلے حصے کا کینسر، خواتین میں ہونے والے کینسرز میں دنیا میں چوتھے اور پاکستان میں دوسرے نمبر پر ہے۔ پاکستان کے جتنے اعداد و شمار موجود ہیں، ان کے مطابق ہر سال تقریباً ۶۰۰۰ خواتین میں اس کی تشخیص ہوتی ہے اور ان میں سے تقریباً ۳۲۰۰ کی اموات ہوجاتی ہیں۔

یہ کینسر دو طرح کا ہوسکتا ہے:

رحم کے منہ پر:	۹۰٪ ہوتا ہے۔ اس کو ایک چھوٹے ٹیسٹ PAP کے ذریعے تشخیص کرنا آسان ہوتا ہے۔
رحم کے منہ کے اندرونی طرف:	۱۰۔۲۰٪ ہوتا ہے۔اس کی تشخیص مشکل ہوتی ہے۔

وجوہات:

1 خواتین کی کثیر تعداد (تقریباً ۹۵ فیصد) میں اس کی وجہ HPV وائرس ہے جو کہ متعدد افراد سے جنسی تعلقات سے پھیلتا ہے۔

2 تمباکو نوشی۔

3 بہت عرصے کے لیے مانع حمل دوائیوں کا استعمال۔

4 ایڈز یا HIV انفیکشن ہونا، جس کا خطرہ ہم جنسیت، متعدد افراد سے جنسی تعلقات، استعمال شدہ سرنجز اور آلات کے دوبارہ استعمال سے بڑھ جاتا ہے۔

علامات:

1 معائنے اور جنسی ملاپ کے بعد خون کا آنا اور درد ہونا۔

2 دو ماہواری کے بیچ میں خون آنا۔

3 ماہواری کی زیادتی یا بے قاعدگی۔

4 ماہواری ختم ہوجانے کے بعد خون آنا۔

5 لیکوریا کے ساتھ ناگوار بدبو کا آنا۔

6 بغیر وجہ کے وزن کم ہونا یا وزن کا تیزی سے کم ہونا۔

7 پیٹ کے نچلے حصے میں مستقل درد کا رہنا۔

تشخیص:

1 نچلے حصے کا معائنہ دوا کے ساتھ۔VIA(visual inspection with acetic acid)

2 رحم کے منہ کا معائنہ۔کیمرے کے ذریعے(Colposcopy)

3 معائنے کے دوران PAP ٹیسٹ(Papanicolaou test):

Spatula/Brush کے ذریعے cytology یا خلیات کا ٹسٹ ہوتا ہے۔

4 معائنے کے دوران HPV(Human Papilloma Virus)۔brush کے ذریعے، وائرس کے لیے ٹیسٹ ہوتا ہے۔

5 معائنے کے دوان رحم کے منہ کی بائیوپسی (Biopsy) لی جاتی ہے۔

بچاؤ کے طریقے(Preventions):

1 بیماری سے متعلق معلومات ۔

2 وقت پر تشخیص اور علاج۔تشخیص میں دیر، زندگی کے سال گھٹا سکتی ہے۔

3 HPV اور جنسی بیماریوں (STD) سے بچاؤ کی تدابیر:

ان میں سب سے اہم جنسی تعلقات میں اسلامی اصولوں کی پیروی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: 'زنا کے قریب بھی نہ پھٹکو' (سورۃ بنی اسرائیل ۳۲)

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو عقدِ نکاح کے اندر رہنے، ہم جنسیت سے بچنے اور جنسی بے راہ روی سے دور رہنے کا حکم دیا ہے۔

ماحول کو باحیا اور پاکیزہ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ:

- ہر سطح پر اختلاط مرد وزن پر پابندی ہو،
- کسی بھی مقام پر ہیجان انگیز تصاویر کی اشاعت کی اجازت نہ ہو،
- برقی ذرائع ابلاغ کے پروگراموں میں حیا اور اسلام کے احکام کو مدنظر رکھا جائے۔

4 مانع حمل دواؤں کے استعمال میں احتیاط۔

5 تمباکو نوشی سے بچاؤ۔

'ہر نشہ آور شے خمر ہے اور نشہ آور شے حرام ہے' (مسلم) 'اور تم اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو' (البقرہ ۱۹۵)۔

6 جن ممالک میں لڑکیوں کے کم عمری سے ہی آزادانہ جنسی تعلقات ہوتے ہیں، وہاں اس وائرس سے انفیکشن کا امکان کئی گنا زیادہ ہوتا ہے۔ اور وہاں ۱۳ سال کی عمر سے لڑکیوں اور لڑکوں کو (HPV) ویکسین لگوانے کا کہا جاتا ہے۔

جلد تشخیص کے لیے ٹیسٹ (تشخیصی ٹیسٹ Screening):

PAP تشخیصی ٹیسٹ: خوش قسمتی سے یہ کینسر، ۵ سے ۲۰ سال کی مدت میں آہستہ آہستہ نشونما پاتا ہے، اس لیے تشخیصی ٹیسٹ (Screening) باقاعدگی سے کرانے سے اس کی تشخیص کرنا آسان ہوتا ہے۔ پبلک ہسپتالوں میں اس کا انتظام ہونا چاہیے۔

شادی شدہ عورتوں کو ہر تین سال بعد یہ ٹیسٹ کرانا چاہیے۔

RCOG گائیڈلائینز کے مطابق ۲۵ سے ۴۹ سال تک ہر تین سال بعد خواتین کا یہ ٹیسٹ ہونا چاہیے۔

۵۰ سے ۶۴ سال کے دوران ہر پانچ سال بعد یہ ٹیسٹ ہونا چاہیے۔

کینسر کا کامیاب علاج اس کی جلد تشخیص پر منحصر ہے۔

مخففات (Abbreviations):

PAP	Papanikolau Test
HPV	Human Papilloma Virus
HIV	Human Immunodeficiency Virus
VIA	Visual Inspection With Acetic Acid
RCOG	The Royal College Of Obstetricians And Gynaecologists
STD	Sexually Transmitted Diseases

صحت اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے جس کی حفاظت اور استعمال کے متعلق سوال کیا جائے گا۔ یہ ایک امانت ہے جس میں خیانت نہیں ہونا چاہیے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: بے شک تمہارے بدن کا بھی تم پر حق ہے (بخاری)۔

مزید فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں (جن کی ناقدری کر کے) اکثر لوگ نقصان میں رہتے ہیں، صحت اور فراغت (بخاری)۔

صحت برقرار رکھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ الصِحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدْرِ

اے اللہ میں آپ سے مانگتا ہوں صحت اور تندرستی، اور پاکدامنی اور امانت، اور حسن اخلاق اور تقدیر پر راضی رہنا (بیہقی)۔

ویمن سیلف کیئر پروجیکٹ، پیما خواتین ونگ کا ایک پروجیکٹ ہے۔ جو خواتین کی مختلف بیماریوں کے سلسلے میں کام کر رہا ہے۔ ان میں چھاتی کا کینسر، رحم کا کینسر، خون کی کمی (Anaemia)، ہڈیوں کا بھربھراپن (osteoporosis) شامل ہے۔ نئی نسل کی پیدائش و پرورش اور گھرو گھرانے کے استحکام کے لیے خواتین کی صحت بہت اہم ہے۔